## ایم کیوایم سجاول یونٹ کے جوائنٹ انچارج عبدالرزاق جونیجواور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یوسی 1 کے حق پرست جنرل کونسلر شفیع اللہ قریشی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون سجاول یونٹ کے جوائنٹ انچارج عبدالرزاق جونیجواور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یوسی 1 کے حق پرست جنرل کونسلر شفیع اللہ قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالرزاق جونیجو مرحوم اور شفیع اللہ قریشی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سجاول یونٹ کے جوائنٹ یونٹ انچارج عبدالرزاق جونیجواور نارتھ ناظم آباد یوسی 1 کے حق پرست جنرل کونسلر شفیع اللہ قریشی انتقال کر گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ٹھٹھہ زون سجاول یونٹ کے جوائنٹ انچارج عبدالرزاق جونیجواور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یوسی 1 کے حق پرست جنرل کونسلر شفیع اللہ قریشی علالت کے باعث انتقال کر گئے۔شفیع اللہ قریشی مرحوم شوگر کے مرض میں مبتلا تھے اور مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے۔گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی جس کی بناء پر انہیں مقامی اسپتال لے جایا گیا تاہم وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 68 سال تھی اور ان کے پسماندگان میں بیوہ، 4 بیٹے اور 5 بیٹیاں شامل ہیں جبکہ عبدالرزاق جونیجو مرحوم کی عمر 45 سال تھی اور اپنی شدید علالت کے باعث کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے اور علالت کے دوران انتقال کر گئے۔مرحوم کے پسماندگان میں 1 بیٹا اور 2 بیٹیاں شامل ہیں۔دریں اثناء عبدالرزاق جونیجو مرحوم اور شفیع اللہ قریشی مرحوم کو مقامی قبرستانوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست منتخب نمائندوں، ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین، نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے یوسی ناظمین، نائب ناظم، کونسلرز، نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سجاول یونٹ کے جوائنٹ یونٹ انچارج عبدالرزاق جونیجواور نارتھ ناظم آباد ٹاؤن یوسی 1 کے حق پرست جنرل کونسلر شفیع اللہ قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جئے سندھ متحدہ محاذ کے 9 رکنی وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## جسقم کے تحت 10 جنوری کو سندھ کی یکجہتی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں شرکت کی دعوت

کراچی۔۔۔یکم،فروری2009ء۔۔۔جئے سندھ متحدہ محاذ کے سینئر وائس چیئرمین سید اظہر شاہ اور وائس چیئرمین مظفر بھٹو کی سربراہی میں جسقم کے 9 رکنی وفد نے اتوار کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری اور شاہد لطیف سے ملاقات کی اور جسقم کے تحت 10 جنوری کو سندھ کی یکجہتی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں شرکت کی دعوت دی۔ملاقات میں سندھ کی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے سیمینار میں شرکت کا دعوت نامے پر وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم سندھ اور اس کے عوام کے حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

## ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے محنت کشوں کا کردار نا قابل فراموش ہے، وسیم قریشی

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن واٹر اینڈ سیوریج بورڈ یونٹ کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

## جنرل ورکرز اجلاس میں ہزاروں کی تعداد میں کارکنان کی شرکت

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2009ء۔۔۔ ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج وسیم قریشی نے کہا ہے کہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے محنت کشوں کا کردار نا قابل فراموش ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز ایم کیوایم لیبر ڈویژن کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ یونٹ کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں محنت کشوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارجز مظہر حسین اور مظاہر حسین نے بھی خطاب کیا۔ وسیم قریشی نے اپنے خطاب میں کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب متوسط کی نمائندہ جماعت ہے جو محنت کشوں سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کے لئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے محنت کشوں کے کردار کو ہرگز نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی تحریک میں محنت کشوں کی بہت بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ اٹھانوے فیصد مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم محنت کشوں کے جائز حقوق کے لئے ایوانوں میں بھی جدوجہد کررہی ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارجز مظاہر حسین اور مظہر حسین نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور محنت کشوں کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کررہی ہے۔

## الائیڈ بینک کے ہیڈ آفس کی لاہور منتقلی کا نوٹس لیا جائے، لیبر ڈویژن

## الائیڈ بینک کے محنت کشوں کے نمائندہ وفد کی عزیز آباد میں لیبر ڈویژن کے ارکان سے ملاقات

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2009ء۔۔۔ الائیڈ بینک کے محنت کشوں کے ایک نمائندہ وفد نے متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور دیگر اراکین سے ملاقات کی اور انہیں الائیڈ بینک کے مرکزی دفتر کی لاہور منتقلی پر محنت کشوں میں پائی جانے والی تشویش سے آگاہ کیا۔ وفد کے ارکان نے بتایا کہ الائیڈ بینک کے دفتر کی لاہور منتقلی سے محنت کشوں کے بے روزگار ہونے کا اندیشہ ہے جس کے باعث وہ شدید ذہنی کرب اور اذیت میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے اور بینک کے 65% فیصد ڈیپازٹ اور ایڈوانسز کراچی کی صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کی مرہونِ منت ہیں۔ لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین نے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور محنت کشوں سے مکمل اظہار ہمدردی کرتے ہوئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ لیبر ڈویژن کے ارکان نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ الائیڈ بینک کے مرکزی دفاتر کی لاہور منتقلی کا فوری نوٹس لیا جائے، مرکزی دفتر کی لاہور منتقلی کو فی الفور روکا جائے اور الائیڈ بینک کے محنت کشوں میں پائی جانے والی بے چینی کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔

## ایم کیوایم مظلوم کشمیری عوام کے حقوق چاہتی ہے، اقلیتی امور کمیٹی

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2009ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم مظلوم کشمیری عوام سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سے قبل پاکستان کی اسمبلیوں اور ایوانوں میں جاگیرداروں اور وڈیروں کی اجارہ داری تھی اور ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو اسمبلیوں میں بھیجا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ اور حکومتی وزیر طاہر کھوکھر کی نامزدگی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سچائی کی کھلی دلیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سندھ، پنجاب، سرحد اور بلوچستان کے بعد اب آزاد کشمیر کے عوام کے دلوں کی بھی دھڑکن بن چکی ہے اور انشاء اللہ حق پرست منتخب نمائندے کشمیری عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان کے فنڈز سے لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 1 میں
## ایک کروڑ روپے کی لاگت سے نئی سیوریج کی لائن اور سڑک کی تعمیر کے کام کا آغاز کردیا گیا

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان کے فنڈز سے لیاقت آباد ٹاؤن یوسی 1 میں ایک کروڑ روپے کی لاگت سے فراہمی و نکاسی آب کی لائن اور سڑک کی تعمیر کے کام کا آغاز کردیا گیا ہے ۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و حق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری نے سیوریج و پانی کی لائن اور سڑک کی تعمیر کے کام کا افتتاح کیا ۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر بھی موجود تھے ۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر علاقے کے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے شعیب بخاری نے کہا کہ نئی سیوریج کی لائن کے منصوبے سے لیاقت آباد کے عوام مستفید ہوسکیں گے اور سڑک کی تعمیر سے لوگوں کو ٹریفک کے مسائل سے نجات ملے گی ۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوام کی خدمت اپنا فرض سمجھ کر انجام دے رہی ہے اور دنیا دیکھ رہی ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے منتخب نمائندے عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں ۔

## اے پی ایم ایس او کے تحت این ای ڈی یونیورسٹی میں 2 فروری سے سہ روزہ بک پیرڈائز کا انعقاد کیا جائے گا
## افتتاحی تقریب میں سٹی ناظم مصطفیٰ کمال شرکت کریں گے
## بک پیراڈائز میں تمام موضوعات اور شعبوں سے متعلق کتب دستیاب ہوں گی

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2009ء ۔۔۔ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام این ای ڈی یونیورسٹی میں کل بروز پیر سے سہ روزہ ''بک پیراڈائز'' کا انعقاد کیا جائے گا ۔ اس سلسلے میں افتتاحی تقریب 2 فروری کی صبح 11 بجے این ای ڈی یونیورسٹی کے عقب میں واقع گیٹ نمبر 1 میں ہوگی جس میں سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے اور بک پیرڈائز کا افتتاح کریں گے ۔ بک پیراڈائز میں تمام موضوعات اور شعبوں سے تعلق رکھنے والی کتابیں دستیاب ہوں گی ۔

## ایم کیوایم اے پی ایم ایس او کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ یکم، فروری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 150 کے کارکن شیخ محمد فاروق کے والد شیخ عبدالقادر، ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ C کی یونٹ کمیٹی کے رکن ساجد کی والدہ محترمہ اختری بیگم، ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 142 کے کارکن وکیل کی والدہ محترمہ جمیلہ بیگم، ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 105 کے جوائنٹ یونٹ انچارج علاؤالدین کے والد جلال الدین اور اے پی ایم ایس او سیکٹر D لانڈھی ڈگری کالج کورنگی نمبر 6 کے کارکن تنویر کی والدہ محترمہ مہر بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا
فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ (آمین)

☆☆☆☆☆